سوال

(17)اس کوفروخت کرکے اس کی قیمت کے زریعے ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس امام کی اجرت مقرر ہوچکی ہے۔اس کی اجرت کو قربانی کھال سے یا اس کوفروخت کرکے اس کی قیمت کے زریعے ادا کرنا جائز ہے یا نہیں ہے۔دلیل رقم فرمادیں۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کی کھال اُجرت میں نہیں دے سکتا۔کیونکہ قربانی کی کھال یا خوداستعمال کرے یا صدقہ کرے۔جیسا کہ حدیث میں ہے۔اوراُجرت میں دینا صدقہ کی صورت نہیں ہے۔(حافظ محمد گوندلوی سابق امیر مرکزی جمیۃ اہلحدیث پاکستان)(اخبارالاعتصام لاہور جلد2 ش 21۔22)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد13 ص56

محدث فتویٰ